# Board of Intermediate & Secondary Education, Abbottabad

Murree Road, Abbottabad Khyber Pakhtunkhwa 0992-392012, 392727

## Instructions Regarding CRC Related issues

**صرف ان طلباء و طالبات کی Online Registration کریں جن کے CRC یا Smart card یا CNIC یا Juvenile card**

**آپ کے پاس Hard form میں موجود ہیں۔**

**1**۔ایسے طالبعلم جن کے والد روزگار کے سلسلے میں بیرونِ ملک ہوں اور والدہ حیات نہ ہو:
**ایسے طالبعلم اپنے شہر میں واقع نادرا دفتر NRC/DAU اپنے ضروری دستاویزات کیساتھ جاکر JUVELINE Card بنانے کے لیئے درخواست دیں، یا Android Mobile phone میں موجود Google Play Store سے NADRA Pak ID install کر کے JUVELINE Card کے لیئے Apply کریں۔**

**2**۔طالبعلم کے والد حیات نہ ہوں یا تعاون نہ کرتے ہوں اور والدہ طلاق یافتہ یا خلع یافتہ ہوں:
**ایسی صورت میں والدہ اپنے بچے کو لے کر NADRA دفتر میں CRC کے حصول کے لیئے درخواست دیں۔**

**3**۔ایسے طلباء و طالبات جن کے والد اور والدہ دونوں حیات نہیں:
**ایسے طلباء اپنے دادا یا دادی، یا قریبی خونی رشتے دار کیساتھ Guardianship Certificate حاصل کرنے کے بعد اپنے قریبی NADRA Office میں CRC کے لیئے درخواست دیں۔**

**4**۔ایسے تمام طلباء و طالبات جن کا والد یا والدہ افغان مہاجرین ہوں:
**ایسی صورت میں پاکستانی شہریت والے والد یا والدہ اپنے بچوں کو ساتھ لے کر NADRA دفتر میں CRC کے حصول کے لیئے درخواست دیں۔**

**5**-ایسے طلباء و طالبات جن کا والد اور والدہ افغان مہاجرین ہوں:
**ایسی صورت میں والد اور والدہ کے افغان مہاجرین کارڈ، افغان ویزہ Valid Afghan Card/ Valid Visa متعلقہ تعلیمی ادارے کے پرنسپل سے تصدیق شدہ درخواست فارم کیساتھ بورڈ دفتر میں رجسٹریشن سیکشن میں چیئرمین سے منظوری کے لیئے جمع کروائیں ۔**

**6**-ایسے طالبعلم جن کے والد یا والدہ کا شناختی کارڈ کسی بھی وجہ سے NADRA کی طرف سے بلاک Block ہو :
**اگر والد کا کارڈ Block ہو تو والدہ کیساتھ NADRA دفتر میں CRC کے حصول کے لیئے درخواست دیں اور اگر والدہ کا کارڈ Block ہو تو والد کیساتھ NADRA دفتر میں CRC کے حصول کے لیئے درخواست دیں۔**

**7**۔ایسے تمام خصوصی طلباء و طالبات (جسمانی معذوری کیساتھ) (Special Persons/Disabled) گیارہویں جماعت کی رجسٹریشن کے خواہشمند ہیں ان سے **(Social Welfare, Special Education & Women Empowerment Department Khyber Pakhtunkhwa)** کا جاری کردہ سرٹیفکیٹ طلب کر کے پرنسپل سے تصدیق شدہ کاپی رجسٹریشن ریٹرن کیساتھ Covering Letter کے ہمراہ رجسٹریشن سیکشن میں جمع کروائیں۔ایسے طلباء و طالبات بورڈ کی تمام فیسوں سے مستثنیٰ ہیں۔تمام تعلیمی ادارے بھی پابند ہیں کہ ایسے طلباء و طالبات سے بورڈ کی فیس طلب نہ کریں۔

تمام طلباء و طالبات کے تصویر والے CRC (Child Registration Certificate) کو موبائل فون سے Scan کر کے رجسٹریشن فارم کے متعلقہ خانے میں Upload کریں۔نادرا والا پرانا بغیر تصویر والا فارم۔ب ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا۔ Smart Card, CNIC بھی قابلِ قبول ہے۔

تمام تعلیمی اداروں کے منتظمین اور طلباء و طالبات کے والدین سے گذارش ہے کہ جن طلباء و طالبات کے CRC موجود نہیں اور کسی بھی وجہ سے بننے میں مشکلات پیش آ رہی ہیں، والدین اپنے طور پر ہر ممکن کوشش کریں مگر ناکامی کی صورت میں بورڈ دفتر کے رجسٹریشن سیکشن سے رابطہ کریں۔
تمام منتظمین و متعلقین سے گذارش ہے کہ موجودہ (Online Enrollment/Registration) کے نظام میں کسی بھی قسم کی ٹیکنیکل ،انتظامی پیچیدگی، یا اس موجودہ نظام میں بہتری کے لیئے اگر کوئی تجاویز آپ لوگوں کے ذہن میں ہوں تو اپنی انٹر کی رجسٹریشن ریٹرن بورڈ میں جمع کرواتے وقت رجسٹریشن سیکشن کے سپرنٹنڈنٹ کے پاس اپنی شکایات، تجاویز تحریری طور پر جمع کروائیں تاکہ مستقبل میں آپ کی تجاویز کی روشنی میں (Online Enrollment/Registration) کے نظام میں بہتری لائی جاسکے۔

**Office Timings : Monday to Friday (09:00 A.M to 05:00 P.M) فون نمبر 0992-392727**